تالیف

فقیر سیّد محبوب علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ

غوثیہ طیبہ کالج دیپالپور ضلع اوکاڑہ

(۱)

22۴۱

حلّ مشکلات۔

مشکلات کی مشکل کشائی۔ ضرورت مندوں کی حاجت روائی مدعاء دلی کی برآوری۔

دینی اور دنیاوی ضرورت کے لیئے بعض مواقع ایسے پیش آجاتے ہیں کہ جن میں انسان نہایت حیران اور پریشان رہا کرتا ہے۔ اور دن رات یہ ہی جستجو رہتی ہے کہ کسی طرح مشکلات کی مشکل کشائی ہوجائے۔ اور مقاصد دلی جلد برآئیں۔ فقیر دل اور درویشوں سے حاجت روائی کا طالب ہوتا ہے۔ لیکن وہاں اظہار خیال کرتا شرماتا ہے۔ اور اپنا دلی راز بیان نہیں کرسکتا۔ اس لیئے خاکسار ان حل مشکلات کو ظاہر کرتا ہے۔ جن سے قلبی تمنائیں جلد برآتی ہیں۔ اور کیسی ہی مشکلات ہوں وہ درگاہِ خداوندی سے جلد حل ہوجاتی ہیں۔

حل مشکل ۱

سب سے عمدہ اور تمام بزرگانِ دین کا معمول اور مجرب عمل یہ ہے۔ نماز تہجد کہ چار رکعت سے بارہ رکعت ہے۔ رات کے تیسرے پہر تہجد پڑھے اور ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد

تین تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر نمازِ تہجد پورا کر کے آنکھ
بند کر کے اللہ کو حاضر و ناظر جان کر پورے خشوع و خضوع سے
اپنے مدعا کی دعا کرے پس اس کی تمام دینی اور دنیا وی حاجتیں
اور ضروریات پوری ہوتی ہیں - ممکن نہیں کہ نہ بر آئیں. جس کام
کی نیت کر کے پڑھے گا وہ ضرور بر آئے گی - انشاء اللہ تعالیٰ -

حل مشکل ۲

حل مشکل کے لیئے حضرت شاہ ولی اللہ بغدادی فرماتے ہیں
کہ ہزاروں بزرگوں کا آزمودہ ہے کہ کسی کی حاجت پوری نہ
ہوتی ہو اور وہ بہت پریشان حال ہو تو کوئی درود شریف
گیارہ گیارہ مرتبہ اول و آخر پڑھ کر سورہ قل ھو اللہ بمع بسم
اللہ الرحمٰن الرحیم کو ایک ہزار ایک مرتبہ (۱۰۰۱) ایک رات میں پڑھے
اسی دن رات میں اس کا مطلب بر آئیگا - انشاء اللہ تعالیٰ
بسیار مجرب ہے .

حل مشکل ۳

حل مشکلات. کفایت مہمات و قضاء حاجات کے لیئے - ہزاروں
بزرگان دین کا آزمایا ہوا ہے - عمل یہ ہے کہ بمع بسم اللہ یہ

درود شریف اس طرح پڑھیے ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِّائَۃَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ ۔ گیارہ مرتبہ
یہ درود شریف پڑھ کر پانچ سو مرتبہ یہ اسم پاک پڑھیے ۔
یَا شَیْخ عَبْدُ الْقَادِر جِیْلَانِیْ شَیْئاً لِلّٰہِ ۔ پڑھ کر اپنی حاجت
چاہیے ۔ اور حضرت سید میر جلال الدین سرخپوش بخاری رحمۃ اللہ علیہ
نے فرمایا ہے ۔ کہ ایک رات میں اس عمل کرنے والے کی حاجت
پوری نہ ہو تو قیامت کے دن میرا دامن اور اس کا ہاتھ ہوگا ۔
لہٰذا اسی طریقہ سے پڑھیے ۔ پھر دیکھیے کہ حاجت خدائے برتر سے
کیسے پوری نہ ہووے ۔

حل مشکل ۲

دین اور دنیا کی حاجتیں پوری ہوتی ہیں ۔ اور درویشی و تنگ دستی
کی فقیری نہیں رہتی امیری ہو جاتی ہے ۔
دس مرتبہ بعد نمازِ فجر روزانہ یہ دعا پڑھ لیا کرے ۔

تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا -

حل مشکل ۵

اکثر بزرگانِ دین و سلف صالحین کے مجربات سے ہے کہ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ایک ہزار مرتبہ اور يَا وَهَّابُ ایک ہزار مرتبہ ہر ہے روزانہ ہو ہر قسم حاجت اُسکی بر آتی ہے - ہزاروں بزرگوں نے آزمایا ہے.

حل مشکل ۶

کوئی شخص اپنے کسی کام میں حیران و پریشان ہو اور کسی طرح وہ مشکل حل نہ ہوتی ہو تو عالم ارواح سے امداد چاہتا ہو تو - یا کسی خاص روح سے باتیں کرنی ہوں یا اپنے ماں باپ سے ملنے اور گفتگو کرنے کی خواہش ہو یا ان کے حالات معلوم کرنے ہوں تو عشاء کی نماز کے بعد کسی خالی اور پاک مکان میں دوبارہ وضو

کر کے پاک صاف کپڑے پہن کر عطر لگا کر سورہ والشمس مع بسم اللہ ۔ سورہ واللیل مع بسم اللہ ۔ سورہ قل ھو اللہ مع بسم اللہ ۔ سات سات مرتبہ پڑھیے ۔ پھر یہ دُعا پڑھیے ۔

اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ رُوْحَ فلاں ۔ یہاں اس شخص کا نام لے جس کی روح سے ملاقات کرنی ہو ۔ پھر کہیے

وَاجْعَلْ لِیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا وَّارْزُقْنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا اَسْتَدِلُّ بِہٖ عَلٰی اِجَابَۃِ دَعْوَتِیْ ۔

پہلی رات میں ورنہ دوسری تیسری رات میں ۔ غرضیکہ ساتویں شب تک ضرور ملاقات ہوتی ہے ۔ اللہ کے نیک بندے عابد و زاہد پہلی رات میں زیارت کر لیتے ہیں ۔

حل مشکل ۷

کشف القبور ۔ اولیاء کاملین بزرگوں کے مزار پر جا کر جو کچھ ان سے پوچھنا ہوتا ہے وہ دریافت کر کے فائدہ حاصل کرتے ہیں ۔

طریقہ کشف القبور کا یہ ہے۔ جمعرات کو نہا دھو کر پاکیزہ کپڑے پہن کر عطر لگا کر رات کو تہجد کے وقت جس روح سے ملاقات کرنی ہو اس کی قبر کے سرہانے جا کر عامل اور قبر کے درمیان کوئی پردہ یا اور کوئی قبر وغیرہ نہ ہو۔ دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سو مرتبہ قل ھو اللہ پڑھے۔ پھر سلام پھیر کر سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر نہایت سچے دل اور خشوع و خضوع سے خدا کے آگے اس روح کے حاضر ہونے کی دعاء کرے۔ پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر حزب البحر شریف پڑھے۔ اور جب

سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا وَعَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا وَبِحَوْلِ اللّٰهِ لَا يَقْدِرُ اَحَدٌ عَلَيْنَا وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَائِهِمْ مُحِيْطٌ۔

پر پہنچے تو اس آیت کا تکرار کرتے ہوئے قبر کی طرف نظر اٹھا کر مخاطب ہو کر پڑھے۔ بفضلہ تعالیٰ روح

سامنے دکھائی دے گی - روح سے باتیں کرے - سلام کا جواب دے گی -

نوٹ :- روحوں سے باتیں کرنا - سوال کا جواب لینے کے لئے روحانی اخلاق اپنے میں بھی پیدا کرنے چاہیئیں کیونکہ بدکار اور برے اعمال والے آدمی سے زندہ انسان ناخوش ہوتے ہیں - تو پاک روحیں تو زیادہ نفرت کرتی ہیں - اور اس کے ملنے سے خدا کی پناہ مانگتی ہیں - یہ عمل نہایت مجرب ہے - ایک دفعہ نہ ہو تو اپنے اخلاق درست کر کے بداعمال سے سچی توبہ کر کے دو تین مرتبہ کر کے دیکھیں - ضرور کامیابی ہوتی ہے -

حل مشکل ۸

کام ہونے یا نہ ہونے کی پیشین گوئی - دلی ارادوں کی انکشافی - یہ پیشین گوئی نہایت مجرب ہے - جو نماز کے پڑھنے میں معلوم ہو جاتی ہے - اپنا مطلب دل میں معلوم کر کے اس طرح نیت کرے - نیت کرتا ہوں میں دو رکعت نماز استخارہ واسطے اللہ تعالیٰ کے منہ طرف کعبہ شریف کے اللہ اکبر کہہ کر ہاتھ باندھے -

اور سبحانک اللھم آخر تک پڑھیے - پھر اعوذ پھر بسم اللہ پڑھ کر الحمد للہ رب العالمین الرحمٰن الرحیم مالک یوم الدین - ایاک نعبد و ایاک نستعین - جب اھدنا الصراط المستقیم پڑھیے - تو اس کو اتنا پڑھیے کہ جب تک داہنی طرف یا بائیں طرف گندھا نہ پھر جائے - اگر سید ھی طرف پھرے تو جان لو کہ کام جلد ہو جائیگا - اگر بائیں طرف گندھا پھرنا معلوم ہو تو جان لو کہ کام نہ ہوگا - پھر بعد پھر جانے بازو کے الحمد مکمل کرے اور کوئی سورت پڑھ کر رکوع اور سجدہ کرے اور دونوں تسبیح رکوع اور سجود پڑھ کر پھر کھڑے ہوکر الحمد اور کوئی سورت پڑھ کر نماز مکمل کرے - نماز سے پہلے اپنی طاقت کے مطابق پاؤ یا آدھ سیر کی شیرینی منگا کر پہلے نیاز حضرت غوث پاک شیخ عبد القادر محی الدین جیلانی کی دلائے -

حل مشکل نمبر ۹

دلی ارادوں کی انکشافی ہو - خواب میں مطلب دلی معلوم ہو - حروف کھیعص مشکل پنج در پنج کی اس طریقہ پر سونے یا چاندی کی انگشتری جوڑی پر مشتری یا زہرہ ستارہ کی

ساعت دیکھ کر کندہ کرائیں۔ اور سوتے وقت اپنے سر کے نیچے رکھا کریں۔ خواب میں تمام حال معلوم ہو جائیگا۔ اور یہ انگشتری پہننے والا ہر بلا سے نجات پاتا ہے۔ عزت اور فراخی رزق حاصل ہوتی ہے۔ نقش کندہ کرانے کے وقت جہاں حروف جیسے لکھے ہیں ویسے ہی لکھیں یعنی جہاں کاف ہے پہلے کاف پھر ہ ۔ پھر ی پھر ع پھر ص اسی طرح تمام نقش ہر حرف کے مطابق ہو۔ نقش یہ ہے۔

ص	ع	ی	ہ	ک
ی	ہ	ک	ص	ع
ک	ص	ع	ی	ہ
ع	ی	ہ	ک	ص
ہ	ک	ص	ع	ی

حل مشکل ۱۰:-

دعوتِ اسم اعظم یالطیفُ - دنیاوی ضرورتوں اور ہر مشکلات میں جب کسی مشکل سے مشکل کام میں ضرورت پڑے تو کمرہ بند جس میں سوائے دروازہ کے کوئی روشن دان بھی نہ ہو بند کر کے بالکل اندھیرا کر کے ننگی زمین پر کھڑا ہو کر دو رکعت نماز پڑھیے اور دونوں رکعت میں سورہ الم نشرح پڑھیے - بعد سلام سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنا مقصد کا تصور پیش نظر رکھ کر اسم یالطیفُ کو سولہ ہزار چھ سو اکتالیس مرتبہ (۱۶۶۴۱) پڑھ کر دفع رنج و غم یا دیگر جس حاجت کے لیئے دعا مانگو گے اسی وقت مستجاب ہو گی - انشاء اللہ تعالیٰ -

نوٹ :- اگر پھانسی کی سزا کے حکم والا بھی سچے دل سے توبہ کر کے پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرما کر سزا منسوخ فرما دیتا ہے اور باعزت بری کر دیتا ہے -

اگر دشمن کی ہدایت کی دعا کرے تو وہ بھی فوراً قبول

ہوگی۔

یہ عمل ہزاروں بزرگانِ دین کا بارہا آزمودہ اور خصوصاً جناب پیرانِ پیر دستگیر کا خود معمول ہے۔ جس نے بھی اس عمل کو کیا اس نے اپنا مقصد پالیا۔ جس کا جی چاہے کر کے دیکھ لے ضرور بامراد ہوگا۔

از فقیر سید محبوب علی شاہ قادری۔

غوثیہ طبیہ کالج دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔

۔(۹-۱۲-۲۰۰۵)۔

مختصر تعارف:

جناب فقیر سید محبوب علی شاہ قادری دہلوی صاحب مدظلہ العالی

از قلم: پروفیسر سید محمد شاہ صائم قادری

نام: سیّد محبوب علی شاہ بخاری **عرفیت:** نور اللہ شاہ

القاب عطا شدہ از پیر و مرشد: پیر محبوب الٰہی، مخدوم

ولدیت: سید عثمان علیشاہ بخاری **نسب:** سادات بخاری

تاریخ پیدائش: ۶ جون ۱۹۰۳ء **مقام پیدائش:** دہلی

ابتدائی تعلیم: ایف۔اے، فاضل عربی، فاضل فارسی

فنی تعلیم: کامل الطب والجراحت (دہلی)، ایم۔بی۔بی۔ایس ہومیو (کلکتہ)، شمس الاطباء (لاہور)، سراج الاطباء (گجرات)

لسانیاتی مہارت:

اردو، عربی، فارسی، پنجابی، ہندی، گورمکھی، سنسکرت، گجراتی، مراٹھی وغیرہ۔

طبی استاد: حکیم عبدالوہاب انصاری عرف نابینا صاحب دہلویؒ

قیام بخدمت استاد: تقریباً آٹھ سال

سلسلہ قادریہ غوثیہ بانوا کے مرشد گرامی کا اسمِ مبارک:

سیّد محمود علی شاہ عرف قل ہو اللہ شاہؒ المدفون بھڑوچ گجرات (بھارت)

تاریخ حصول خلافت سلسلہ قادریہ غوثیہ بانوا:

محرم الحرام ۱۳۵۰ھ بمقام (بھڑوچ)

زمانہ سیر و سیاحت ریاست ہائے برصغیر و ایران و عراق و شام و سعودی عرب و مصر و افریقہ و فلسطین وغیرہ و حصول سعادت ہائے حج: ۱۹۳۹ء تا ۱۹۵۶ء

قیام بمقام مصر: ۷سال

آمد پاکستان: ۱۹۵۶ء

اسماء مرشدان گرامی مع سلاسل کہ ازخود ازراہ سفقت و فیض خلافت و اجازت خصوصی سے سرفراز فرمایا:

سلاسل	اسمآءِ مشائخ
قادریہ شطاریہ:	سیّد مسعود علی شاہؒ
قادریہ سہروردیہ:	سیّد شرف الدین مصطفٰیؒ
چشتیہ صابریہ:	سید پیر محمد شاہؒ
نقشبندیہ مجددیہ:	سیّد کرم حسین شاہؒ

اولاد:

(۱) سیّد محمد شاہ صائم قادری (۲) سیّد عابد علی شاہ موج دریا قادری

(۳) سیّد ابو صالح شاہ چمن صمدانی قادری (۴) سیّد ابو سعید شاہ گلشن قادری

زیر سرپرستی ادارے:

آستانہ عالیہ محبوبیہ قادریہ غوثیہ بانوا دیپالپور

انجمن فیضانِ غوثیہ (رجسٹرڈ) دیپالپور غوثیہ طبیہ کالج دیپالپور

غوثیہ ہومیو پیتھک میڈیکل کالج دیپالپور غوثیہ لاء کالج دیپالپور

دواخانہ معدنِ شفاءِ سادات دیپالپور ماہنامہ محبوب طبّ دیپالپور

صائم اکیڈمی پبلک سکول دیپالپور باہو ہومیو پیتھک میڈیکل کالج کمالیہ

غوث صمدانی فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ) پاکستان ماہنامہ صمدانی ڈائجسٹ دیپالپور

معدن شفاء سادات (پرائیویٹ) لمیٹڈ دیپالپور

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تاریخ وصال ۔ ۹ اشعبان المعظم ۱۴۳۵ ہجری بمطابق 18 جون 2014 بروز بدھ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَصلُھَا ثَابِت" وَّفَرعُھَا فِی السَّمَآء

شجرہ شریف بطریقۂ واسطہ

خلافت سلسلہ قادریہ غوثیہ محبوبیہ بانوا

	اسماء مشائخ گرامی	مقام مزار
۱	الٰہی بحرمت فقیر سید محبوب علی نور اللہ شاہ بانوا	مدظلہ العالی
۲	الٰہی بحرمت فقیر سید محمود علی شاہ قل ھو اللہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بھروچ گجرات بھارت
۳	الٰہی بحرمت فقیر سید فضل معصوم علی صلِ علیٰ شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بھروچ گجرات بھارت
۴	الٰہی بحرمت فقیر سید تبارک اللہ شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	کاٹھیاواڑ گجرات بھارت
۵	الٰہی بحرمت فقیر سید بسم اللہ شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بھروچ گجرات بھارت
۶	الٰہی بحرمت فقیر سید گلاب علی شاہ بانواہ رحمۃ اللہ علیہ	لکسر گجرات بھارت
۷	الٰہی بحرمت فقیر سید یتیم علی شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	لکسر گجرات بھارت
۸	الٰہی بحرمت فقیر سید اولیٰ یقین شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بھروچ گجرات بھارت
۹	الٰہی بحرمت فقیر سید محمد تقی شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	دکھن حیدر آباد بھارت
۱۰	الٰہی بحرمت فقیر سید محمد مظفر شاہ بانوا رحمۃ اللہ عایہ	بمبئی بھارت

۱۱	الٰہی بحرمت فقیر سید اولیٰ حسین شاہ بانوار حمۃ اللہ علیہ	پونا بھارت
۱۲	الٰہی بحرمت فقیر سید وہاب شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	لکسر گجرات بھارت
۱۳	الٰہی بحرمت فقیر سید حاجی قاسم سغری شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	لکسر گجرات بھارت
۱۴	الٰہی بحرمت فقیر سید قادر الاولیاء شاہ بانوار حمۃ اللہ علیہ	سورت بھارت
۱۵	الٰہی بحرمت فقیر سید محمد حلیم شاہ بھنڈاری بانوا رحمۃ اللہ علیہ	لکسر بھارت
۱۶	الٰہی بحرمت فقیر سید نخلیان شاہ بانوار حمۃ اللہ علیہ	لکسر بھارت
۱۷	الٰہی بحرمت فقیر سید سیف اللہ شاہ بانوار حمۃ اللہ علیہ	دیو گڑھ باریہ بھارت
۱۸	الٰہی بحرمت فقیر سید موسیٰ پیر اگ شاہ بانوار حمۃ اللہ علیہ	حیدر آباد دکھن بھارت
۱۹	الٰہی بحرمت فقیر سید حسن شاہو بانوار حمۃ اللہ علیہ	بھڑوچ گجرات بھارت
۲۰	الٰہی بحرمت فقیر سراج الدین سید عبدالجبار شاہ گیلانی بانوار حمۃ اللہ علیہ	بغداد شریف عراق
۲۱	الٰہی بحرمت فقیر سید نورالحق عین اللہ شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۲۲	الٰہی بحرمت فقیر سید محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد شریف عراق
۲۳	الٰہی بحرمت فقیر سید ابو سعید محمد مبارک مخزومی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	واسطہ بغداد عراق

۲۴	الٰہی بحرمت فقیر سید ابوالحسن علی ہنکاری اہلِ قریش بانوا رحمۃ اللہ علیہ	ہنکار شریف عراق
۲۵	الٰہی بحرمت فقیر علاوالدین ابوالفرح ابن یوسف طرطوسی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	طرطوس عراق
۲۶	الٰہی بحرمت فقیر عبدالواحد عزیز یمنی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۲۷	الٰہی بحرمت فقیر ابوبکر شبلی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۲۸	الٰہی بحرمت فقیر حضرت جنید بغدادی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۲۹	الٰہی بحرمت فقیر ابوالحسن سری سقطی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۳۰	الٰہی بحرمت فقیر معروف کرخی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۳۱	الٰہی بحرمت فقیر داؤد طائی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۳۲	الٰہی بحرمت فقیر حبیب عجمی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۳۳	الٰہی بحرمت فقیر حسن بصری بانوا رحمۃ اللہ علیہ	صحرائے بصرہ عراق
۳۴	الٰہی بحرمت فقیر علی مرتضیٰ مشکل کشاء بانوا کرم اللہ وجہہ	نجفِ اشرف عراق
۳۵	الٰہی بحرمت سید الفقراء محمد رسول اللہ ﷺ بانواؤں کے بانوا	مدینہ منورہ سعودی عرب

وبحق جبرائیل و میکائیل و اسرافیل و عزرائیل و بحق لحمک لحمی دمک دمی جسمک جسمی اسمک اسمی تخت رب العالمین کے دیکھنے والے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ برحمتك یا ارحم الراحمین۔

شجرہ شریف بطریقہ واسطہ خواجگان قادریہ غوثیہ محبوبیہ

سید محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَآاِنَّ اَوْلِیَاءَ اللّٰہِ لَا خَوْ فٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ کَانُوْا یَتَّقُوْنَ ہ اَصْلُھَاثَابِتٌ وَّفَرْعُھَافِی السَّمَآءِ ہ

یَااِلٰہُ الْعٰلَمِیْنَ یَااَنْتَ خَیْرُالرّٰاحِمِیْنَ — رحم فرما اپنی ذات کبریا کے واسطے

فضل کر یا رب! *میرے حال زبوں پر رحم کر — ڈال* مجھ آلودہ عصیاں پر رحمت کی نظر

تجھ کو اپنی کبریائی کی قسم ہے بے نیاز — *مجھ سراپا معصیت پر کر در افضال باز

تجھ کو*دیتا ہوں تیرے جود و سخا کا واسطہ — فضل کا رحمت کا بخشش کا عطاکا واسطہ

تیرے رحمت کے خزانے میں کمی کوئی نہیں — اور تیرے جودوکرم کی انتہا کوئی نہیں

میں کہوں بے واسطہ کس منہ سے بخشش کے لئے — کچھ وسیلے پیش کر تا ہوں سفارش کے لئے

مرشد کامل پیر سید محمد شاہ صائم بانوا — مقتداء پیشوا رہنما کے واسطے

صدقہ سید محبوب علی عرف نوراللہ کامل ولی — مشکلیں حل کر* میری اس بانوا کے واسطے

مر شد قل ہو اللہ شاہ صلِ علیٰ کے طفیل — تبارک اللہ شاہ بسم اللہ نوا کے واسطے

واسطہ شاہ گلاب و یتیم شاہ اولیٰ یقین — شاہ تقی اور مظفر شاہ سخا کے واسطے

اولیٰ حسین شاہ وہاب حاجی قاسم کاملین — شیخ قادرشاہ حلیم پارسا کے واسطے

خواجہ محسنیان سیف اللہ بیراگ شاہ — حسن شاہ و عبدالجبار رہنما کے واسطے

منبع جو دو سخا نورالحق عین اللہ شاہ — شیخ محی الدین قادرغوث الوریٰ کے واسطے

بو سعید اور بو الحسن یعنی علی اور ابوالفرح — عبد واحد شیخ شبلی باصفا کے واسطے

حضرت جنید بغداد سری سقطی عر فان بحر — معروف کرخی داؤد طائی شاہ ہدا کے واسطے

پیر کامل حبیب عجمی شناسائے سر حق — خواجگان حسن بصری پیشوا کے واسطے

والد حسنؓ و حسینؓ زوج بتولؓ حضرت علیؓ — مشکل کشا ئے مرتضیٰ شیرخداؓ کے واسطے

واسطہ سید الثقلین و کون ومکاں کے واسطے — یٰسین مزمل محمد مصطفیٰ ﷺ کے واسطے

*میرا دل رکھ دائماً ذاکر بذکر اسم ذات — آلؓ اور اصحابؓ احمد مجتبیٰ ﷺ کے واسطے

وقت نزع با ایمان دنیا سے اٹھانا اے خدا — اور کلمہ طیب ہو زباں پر آخری شفا کیواسطے

قبرمیں آرام* مجھ کو ابتداء سے ہو عطا — مر شدان دین پاک مصطفیٰ کے واسطے

کر دعا مملوئے عصیاں ۔ کی یہ مستجاب — خواجگان قادری غوث الوریٰ کے واسطے

نوٹ:☆ شجرہ شریف میں ان مقامات پر صیغہ واحد استعمال کیا گیا ہے۔ جب شجرہ شریف محفل میں پڑھا جائے تو اس مقام پر جمع کا صیغہ استعمال کیا جائے اور اکیلے پڑھتے وقت صیغہ واحد استعمال کیا جائے۔

ابن محبوب
فقیر بانوا سید محمد شاہ صائم عرف فیض الاسرار
قادری چشتی
نقشبندی سہروردی
تالیفات
تصوف
اطمینان قلب
(تعلیمات تصوف کا ابتدائی نصاب)
اوراد اسمائے سبعہ
(غوث الاعظم پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے خاص ذکر کے اسماء الہی)
طب
مختصر الکلیات جدید حصہ اول نصاب فاضل طب و جراحت
مختصر الکلیات جدید حصہ دوم نصاب فاضل طب و جراحت
فزیالوجی حصہ اول نصاب فاضل طب و جراحت
فزیالوجی حصہ دوم نصاب فاضل طب و جراحت
زیر تالیف
تشخیص
نبض
قارورہ
نفسیات
اعمال سورہ اخلاص
حفظان صحت
اسم اعظم
دربار عالیہ قادریہ غوثیہ محبوبیہ بانوا مدینۃ المحبوب غوثیہ طبیہ کالج نزد پل بیاس اوکاڑہ روڈ دیپالپور ضلع اوکاڑہ
044-4546092-0334-4549292-0300-4695094

تعلیمات تصوف اور ذکر و اذکار کا تربیتی ادارہ

فیضان محبوب ﷺ جاری

مریدین و اہل ذوق کیلئے
اذکار، لطائف، مشاغل، مراکبات
خصوصی توجہ کے ساتھ

اہل ذوق کو دعوت ہے

داخلہ جاری ہے

★ دعائے حزب البحر
★ دعوت صمدانیہ (اللہ الصمد)
★ درود مستغاث شریف
★ دعائے سیفی
★ دعائے برھتی (آیت الکرسی)
★ سورۃ یٰسین ★ سورۃ مزمل

اور دیگر عملیات کے لئے ریگولر اور تمام شرائط کے ساتھ بہترین انتظامات کی موجودگی میں عمل کی دعوت

اہل ذوق اولین فرصت میں رابطہ کریں

محرم الحرام ربیع الثانی رجب المرجب شوال المکرّم
حزب البحر کے لئے ماہ صفر میں اعتکاف کا انتظام

2 تا 10 اپریل تربیتی نشست بسلسلہ تعلیمات تصوف، اذکار، لطائف، اشغال مراقبات

بمقام دربار عالیہ قادریہ غوثیہ محبوبیہ بانو امدینۃ المحبوب غوثیہ طیبہ کالج نزد پل بیاس اوکاڑہ روڈ دیپال پور ضلع اوکاڑہ

044-4546092-0334-4549292-0300-4695094

غوث الاعظم شاہ جیلان درمیان اولیاء
چوں محمد ﷺ درمیان انبیاء
یاغیاث المستغیثین
درکار ہے گر دو جہاں کی بہتری
کر اختیار دائمی غلامی خاندان قادری
سالانہ
عرس مبارک
19,18,17
شعبان المعظم
قطب الاقطاب شمس العارفین سراج السالکین
حضرت سید محبوب علی شاہ عرف نور اللہ شاہ قادری رحمۃ اللہ علیہ
17 شعبان المعظم
قرآن خوانی بر مزار مبارک بعد از نماز فجر
غسل مرقد انور ـــــ 07:30 بجے صبح
چادر پوشی ـــــ 08:00 بجے صبح
پرچم کشائی ـــــ 08:15 بجے صبح
مختصر محفل ختم خواجگان دعا ـــــ 08:20 بجے صبح
محفل میلاد شریف بعد از نماز عشاء
18 شعبان المعظم
محفل ذکر صبح بعد از نماز فجر
ختم خواجگان 07:00 بجے صبح
محفل ختم خواجگان بعد از نماز عصر
لنگر بعد از نماز مغرب
محفل سماع 11 بجے رات
19 شعبان المعظم
قرآن خوانی
بعد از نماز فجر تا 9 بجے صبح
سورۃ یٰسین ـــــ 9 بجے صبح
ختم خواجگان ـــــ 9:20 بجے صبح
دعائے اختتامی ـــــ 1 بجے دوپہر
لنگر ـــــ 01:30 بجے دوپہر
بمقام: دربار عالیہ قادریہ غوثیہ محبوبیہ بانوا مدینۃ المحبوب غوثیہ طیبہ کالج نزد پل بیاس اوکاڑہ روڈ دیپالپور ضلع اوکاڑہ
044-4546092-0334-4549292-0300-4695094